[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 6627** **L**

Unique Paper Code : 2145001004

Name of the Paper : Study of Urdu Poetry-II

Name of the Course : **Common Prog. Group**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

ا۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجیے۔

(الف)

یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی
اور آدمی پہ تیغ کو مارے ہے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اتارے ہے آدمی
چلّاکے آدمی کو پکارے ہے آدمی
جو سن کے دوڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

بیٹھے ہیں آدمی ہی دکانیں لگا لگا
اور آدمی ہی پھرتے ہیں رکھ سر پہ خوانچا
کہتا ہے کوئی لو! کوئی کہتا ہے لا رے لا
کس کس طرح کی بیچیں ہیں چیزیں بنا بنا
اور مول لے رہا ہے، سو ہے وہ بھی آدمی

*P.T.O.*

(ب)

الٹی ہو گئیں سب تدبیریں، کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریِ دل نے آخر کام تمام کیا
ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا
یاں کے سپید و سیہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے
رات کو رو رو صبح کیا اور دن کو جوں توں شام کیا
ساعدِ سیمیں دونوں اس کے ہاتھ میں لا کر چھوڑ دیے
بھولے اُس کے قول و قسم پر، ہائے خیالِ خام کیا

2۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم نگاری کی انفرادیت بیان کیجیے۔

3۔ اردو نظم نگاری کے فن پر اظہار خیال کیجیے۔

۴۔ فیض احمد فیضؔ کی نظم نگاری پر ایک مضمون لکھیے۔

۵۔ نظم ''ایک لڑکا'' کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

۶۔ میرؔ کی غزل گوئی کے فن پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

۷۔ مومنؔ کی شاعرانہ عظمت پر روشنی ڈالیے۔

۸۔ اقبال کی غزل گوئی کے فن پر تبصرہ کیجیے۔